DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | شفافیت جوابدہی میرے رہنما اصول ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے، گورنر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | دالبندین میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن دو دہشت گرد ہلاک، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، بخت کاکڑ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | شعبہ تعلیم میں ایمرجنسی نوعیت کے مسائل پر قابو پالیا، راحیلہ درانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | دودھ میں ملاوٹ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر خوراک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جارہا ہے، سردار کھیتران۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | متاثرین کی امداد کو انا مسئلہ بنالیا وفاق کو عالمی مدد مانگنی چاہیے تھی، بلاول بھٹو۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | کوئٹہ اور اسلام آباد میں ایکسپو کم ڈسپلے سینٹر کا قیام اولین ترجیح ہے، جام کمال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کسانوں کے حقوق کی بات کی صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کرپشن میں ملوث افسر یا اہلکار کو عبرت ناک سزا دی جائے گی، آغا محمد یوسف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | سپیکر کی رولنگ کی روشنی میں اجلاس ایئرپورٹ منیجر کی مسائل کے حل کی یقین دہانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | مسائل کا حل مشکل نہیں شہری ملکر سائنٹیفک بنیادوں پر آگے بڑھیں، کمشنر کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | فوڈ اتھارٹی نے 290 کلو ملاوٹی وغیرہ صحت بخش دہی اور دودھ تلف کر دیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | نیشنل پارٹی نے زبیر بلوچ کے قتل کی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کر دیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | زبیر بلوچ ایک با اصول پر امن اور عوام دوست طالبعلم رہنما تھے، پشتونخوانیپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ملک کے تمام ادارے انتشار اور کرپشن کا شکار ہو چکے ہیں، رحیم زیارتوال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | صوبے کے حقوق اور وسائل کے لیے بھاری سیاسی قیمت ادا کی، مولانا واسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | آپریشن یہ طاقت کا استعمال دانشمندی نہیں، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

خضدار یتیم بچی اغوا کرلی گئی متاثرہ خاندان کو اے سی کی دھمکیاں خاموش رہنے کا مشورہ، کچھی میں ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی کے دوران لیویز اہلکار شہید دو ڈاکو زخمی، سریاب روڈ پر بوسہ کالونی کے قریب سے لاش برآمد۔

## عوامی مسائل:

کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں گندم کا بحران آٹے کی قیمت میں اضافہ، چاغی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ۔

کور نروز یر اعلیٰ، وزراء

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان میں قیام امن و ترقی کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ وقت کی اہم ضرورت !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں قیام امن کیلئے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔سیاسی مسائل، لاپتہ افراد کے مسئلے سمیت مستقل امن کے قیام کیلئے ملک کی بڑی جماعتوں سمیت بلوچستان کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک واضح روڈ میپ پر کام کرنا ہوگا، قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ کی طرف جانا ہوگا جس میں تمام سیاسی، مذہبی جماعتوں، سول سوسائٹی، وکلاء، صحافی برادری کی شراکت داری کو یقینی بنانا ہوگا۔ سب کی رائے لیکر بلوچستان کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کیلئے راستہ نکالا جائے، دہشتگردی، تخریب کاری کے حق میں کوئی نہیں، بلوچستان کی خوشحالی مستقل امن کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گزشتہ روز کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی شکایات اپنی جگہ ہیں، دہشتگردی کا مسئلہ سب سے بڑا مسئلہ ہے، ماضی میں بھی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیاب ہوئے ہیں تاہم بلوچستان کا حل سیاسی ہے، سیاسی اتفاق رائے سے ایسے فیصلے لینے پڑیں گے تاکہ عوام کا فائدہ ہو۔ بلاول بھٹو زرداری، ن لیگی قیادت سمیت دیگر سیاسی، مذہبی جماعتوں، وکلاء برادری، سول سوسائٹی، صحافی برادری بھی بلوچستان میں قیام امن اور ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی رائے دے چکے ہیں مگر اس کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ کی ضرورت ہے جس کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے پہل کرنی چاہیے تاکہ بلوچستان کے اہم ترین مسائل کا حل نکالا جاسکے۔ بلوچستان کی محرومیوں اور پسماندگی کا خاتمہ ضروری ہے جس کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت ہے، سیاسی مسائل کا حل انتہائی ضروری ہے امید ہے کہ بلوچستان میں امن اور خوشحالی کیلئے صوبائی اور وفاقی حکومت سنجیدہ کوششیں کریں گی۔ تاکہ بلوچستان کے مسائل حل ہوں اور عوام خوشحال ہوں۔

**اداریے :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**ریاست کے خلاف بندوق اٹھانے والوں کو جواب دینے کا وقت آ گیا**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1    Dated: 26 SEP 2025    Page No. 1

## گورنر مندوخیل: شفافیت، جوابدہی میرے رہنما اصول ہیں، ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے

ڈسٹرکٹ ژوب کیلئے اربوں کے ترقیاتی منصوبے لانا بہت بڑا چیلنج تھا، تعمیر، ترقی و خوشحالی کے سفر میں عوام کی حمایت حاصل ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ژوب میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے لانا ایک بہت بڑا چیلنج تھا جس کیلئے کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تعمیر، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں مجھے پورے ژوب ڈویژن کی مختلف اقوام اور قبائل کا اعتماد اور حمایت حاصل ہیں۔ میں اس وعدے کے گواہ کے طور پر آپکے سامنے کھڑا ہوں کہ ان تمام عوام دوست ترقیاتی منصوبوں کو ترتیب وار مقررہ وقت پر پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے تاکہ ان کے فوائد علاقے کے غریب عوام تک پہنچیں۔ شفافیت، جوابدہی اور بروقت فراہمی میرے رہنما اصول ہیں جو ژوب کو تعمیر و ترقی کی روشنی اور آنے والی نسلوں کیلئے امید کی کرن میں تبدیل کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز ژوب شہر میں اپنے دو روزہ دورے کے موقع پر ایک بڑے عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ واضح رہے کہ اس موقع پر درجنوں افراد نے پاکستان مسلم لیگ نون میں شمولیت کا اعلان بھی کیا۔ اوسی اجتماع سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بہت جلد ژوب شہر کیلئے ایک بڑے عوامی پارک اور مزید تعلیمی اداروں کے قیام کو یقینی بنایا جائیگا۔



ژوب: گورنر شیخ جعفر مندوخیل سے قبائلی عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## عوام دوست ترقیاتی منصوبوں کو ترتیب وار پایہ تکمیل تک پہنچائینگے، گورنر

شفافیت، جوابدہی ہمارے رہنماء اصول، ژوب کو آنے والی نسلوں کیلئے امید کی کرن میں تبدیل کریں گے، شیخ جعفر خان مندوخیل

عوام کو ان کی دہلیز پر تعلیم، صحت اور صاف پینے کے پانی کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں

گورنر نے ژوب میں عوامی جلسے کے انعقاد پر تمام منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور مسلم لیگ نون میں شامل ہونے والوں کو مبارکباد دی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ژوب میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے لانا ایک بہت بڑا چیلنج تھا جس کیلئے کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تعمیر، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں مجھے پورے ژوب ڈویژن کی مختلف اقوام اور قبائل کا اعتماد اور حمایت حاصل ہے میں اس وعدے کے گواہ کے طور پر آپکے سامنے کھڑا ہوں کہ ان تمام عوام دوست ترقیاتی منصوبوں کو ترتیب وار مقررہ وقت پر پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے تاکہ ان کے فوائد علاقے کے غریب عوام تک پہنچیں۔ شفافیت، جوابدہی اور بروقت فراہمی میرے ........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

رہنماء اصول، ژوب کو تعمیر و ترقی کی روشنی اور آنے والی نسلوں کیلئے امید کی کرن میں تبدیل کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز ژوب شہر میں اپنے دو روزہ دورے کے موقع پر ایک بڑے عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا. واضح رہے کہ اس موقع پر درجنوں افراد نے پاکستان مسلم لیگ نون میں شمولیت کا اعلان بھی کیا. اوسی اجتماع سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بہت جلد ژوب شہر کیلئے ایک بڑے عوامی پارک اور مزید تعلیمی اداروں کے قیام کو یقینی بنایا جائیگا. وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی جانب سے ژوب شہر کیلئے منظور شدہ دانش سکول ایک تعلیمی انقلاب کیلئے راہ ہموار کریگا. ژوب میں عوام کو ان کی دہلیز پر تعلیم، صحت اور صاف پینے کا پانی کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں. انہوں نے کہا کہ جس طرح آپ نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے میں نے بھی وفاق اور صوبہ کے ہر فورم پر آپ کی بھرپور نمائندگی کی ہے، آپ کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے حتی الامکان کوشش کی ہے



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ژوب میں عوامی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل ژوب ایڈمنسٹریٹو آفیسران کے ہمراہ ایئرپورٹ سے شہر کی جانب جا رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | جمعۃ المبارک 2 ربیع الثانی 1447ھ 26 ستمبر 2025ء | نمبر 263

"کون کہتا ہے کہ ہم نے مذاکرات نہیں کیے، مینگل اور ڈاکٹر مالک کی جماعتوں کے لوگ ہمارے ساتھ تھے، محرومی دہشتگردی کا جواز نہیں"

# دالبندین میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، دو دہشتگرد ہلاک، سرفراز بگٹی

انکے ساتھی نے سرنڈر کر دیا، گرفتاری دینے والا دالبندین میں دہشتگردوں کی بھرتی اور تخریبی کارروائیوں کیلئے اسلحہ سپلائی کرتا تھا، پریس کانفرنس

بلوچستان میں قانون سازی پر کام ہو رہا ہے، عوام کی انصاف تک رسائی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر قانون سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف سخت آپریشن کی ضرورت ہے، ریاست کی رٹ چیلنج نہیں ہونے دیں گے، لاپتا افراد سے متعلق ماہ رنگ بلوچ پروپیگنڈا کر رہی ہیں، ہم ریاست کے اندر ریاست بنانے نہیں دیں گے۔ انہوں نے یہ بات ایک پریس کانفرنس میں کہی۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ روز ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، ہماری فورسز اس گھر تک پہنچیں جہاں دہشت گرد چھپے ہوئے تھے، اس گھر سے فورسز پر فائرنگ کی گئی، جوابی کارروائی میں دو دہشت گرد ہلاک ہوگئے، جبکہ ان کے ایک ساتھی جہانزیب نے سرنڈر کر دیا۔ گرفتار ہونے والا ہارڈ کور دہشت گرد ہے اور یہ دالبندین کے علاقے میں دہشت گردوں کی بھرتی کرتا اور دالبندین میں تخریبی کارروائیوں کیلئے اسلحہ سپلائی کرتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف سخت آپریشن کی ضرورت ہے ریاست کی رٹ چیلنج نہیں ہونے دیں گے، بلوچستان میں قیام امن کے لیے کام کر رہے ہیں، دہشت گردوں کو کسی صورت رعایت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد، بلوچوں کے نام پر اسٹیٹ کو ڈی اسٹیبلائز کر رہے ہیں۔ کس نے کہا ہے کہ ہم نے مذاکرات نہیں کیے؟ ہم پر کوئی دباؤ نہیں تھا پھر بھی ہم نے مذاکرات کی کوشش کی مینگل صاحب اور مالک صاحب کی جماعتوں کے لوگ بھی ہمارے ساتھ تھے، ایک لوگ وہ ہیں جنہوں نے بندوق نہیں اٹھائی اور ایک وہ ہیں جنہوں نے بندوق اٹھائی ہوئی ہے، اگر کوئی محروم ہے تو کیا وہ لوگوں کو قتل کرنا شروع کر دے؟ یہ وائلنس کا کوئی جواز نہیں ہے، اسے ہم کبھی ناراض بلوچ اور کبھی محرومی کا نام دیتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لاپتا افراد سے متعلق ماہ رنگ بلوچ پروپیگنڈا کر رہی ہیں، ہم ریاست کے اندر ریاست بنانے نہیں دیں گے۔


# لارنس کالج میری علمی ترقی میں سنگِ میل ثابت ہوا، وزیر اعلیٰ

ادارے نے ایسی شخصیات پیدا کیں جنہوں نے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا مشن بنایا، خطاب

مری (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ لارنس کالج گھوڑا گلی مری نہ صرف ایک تعلیمی ادارہ ہے بلکہ ایک تاریخی اور علمی ورثہ بھی ہے، جس نے کئی دہائیوں سے ایسی شخصیات پیدا کی ہیں جنہوں نے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا مشن بنایا۔ یہ ادارہ اپنے معیارِ تعلیم، تربیت اور کردار سازی کے باعث پاکستان کے تعلیمی نقشے پر ایک درخشاں مثال ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو لارنس کالج گھوڑا گلی مری کے فاونڈر ڈے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ انہیں اس مادرِ علمی سے وابستگی پر فخر ہے کیونکہ وہ خود بھی اسی ادارے کے فارغ التحصیل ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے جذباتی انداز میں بیکر سے مری تک کے سفر اور کالج میں گزارے گئے یادگار لمحات کو تازہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ نہ صرف ان کی علمی ترقی میں سنگِ میل ثابت ہوا بلکہ نظم و ضبط، قیادت اور قومی خدمت کے جذبے کو بھی پروان چڑھانے میں بنیادی کردار ادا کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ لارنس کالج جیسے ادارے صرف نصابی تعلیم ہی نہیں دیتے بلکہ طلباء کی شخصیت اور کردار سازی میں بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہی ادارے مستقبل کی قیادت تیار کرتے ہیں اور اپنی اقدار و روایات کے باعث منفرد شناخت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لارنس کالج کے فارغ التحصیل طلبا نے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دے کر ادارے اور ملک کا نام روشن کیا ہے۔



مری: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی لارنس کالج گھوڑا گلی میں فاؤنڈر ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ ملاقات کر رہے ہیں



مری: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا لارنس کالج گھوڑا گلی مری کے طالب علموں کے ہمراہ گروپ

CLIPPING SERVICE

DIRECTORA[...] GENERAL OF [...] RELATIONS BAL[...]

نظامت اعلیٰ تعلقات [...]
حکومت بلوچس[...]

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 282 | جمعۃ المبارک، 2 ربیع الثانی، 26 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

## بلوچستان میں دہشتگرد تنظیموں کو اکٹھا کیا جا رہا ہے

# ان کو افغانستان میں پناہ، بھارت سے فنڈ ملتا ہے، وزیراعلیٰ

### دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری ہے، ریاست کی رٹ چیلنج نہیں ہونے دیں گے، قومی دھارے میں شامل ہونے کے دروازے کھلے ہیں

### صوبے میں قیام امن کیلئے سیکورٹی اداروں کی قربانیاں لائق تحسین، دہشت گردی کو پیشے سے منسلک کرنا درست نہیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف سخت اور بے رحمانہ آپریشن (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

جاری رہے گا ریاست کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں ہونے دیا جائے گا جو لوگ ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے دروازے کھلے ہیں لیکن جو ریاست کے خلاف بندوق اٹھائیں گے وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے انہوں نے جمعرات کو اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم پر کوئی دباؤ نہیں تھا اس کے باوجود ہم نے مذاکرات کی کوشش کی بلوچستان میں مختلف دہشت گرد تنظیموں کو اکٹھا کیا جا رہا ہے اور بھارتی خفیہ ایجنسی را ان کی براہ راست پشت پناہی کر رہی ہے دہشت گردوں کو افغانستان میں پناہ اور بھارت سے فنڈنگ ملتی ہے ان کا مقصد صرف پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے وزیراعلیٰ نے انکشاف کیا کہ گزشتہ روز کارروائی میں دہشت گرد زبیر عرف شاہ جی اور نثار ہلاک ہوئے جبکہ ایک اور کمانڈر جہانزیب نے خود کو فورسز کے حوالے کر دیا انہوں نے بتایا کہ چند روز قبل ایک پروفیسر اور ایک وکیل سمیت کئی افراد کو گرفتار کیا گیا جو دہشت گرد نیٹ ورک سے وابستہ تھے دہشت گرد کو کسی پیشے سے منسلک کرنا درست نہیں دہشت گرد صرف دہشت گرد ہوتا ہے اور اسے کسی صورت رعایت نہیں دی جا سکتی میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ دہشت گرد چینی شہریوں اور ترقیاتی منصوبوں پر نظر رکھے ہوئے تھے تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے بڑے نقصان کو ٹال دیا انہوں نے کہا کہ حکومت نے بارہا مذاکرات کی پیشکش کی مگر جو عناصر ریاست سے جنگ کر رہے ہیں وہ پاکستان کو توڑنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر کسی کو محرومیاں ہیں تو

مزدوروں کو کیوں قتل کیا جاتا ہے؟ ڈاکٹر ماہرنگ کے احتجاج کے دوران سڑکیں بلاک کر دی گئیں کیا عدالت عالیہ نے سڑکیں بند کرنے کے خلاف فیصلہ نہیں دیا؟ دنیا کی کوئی حکومت ایسے اقدامات برداشت نہیں کرتی وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس سال فیصلہ کیا گیا ہے کہ سیکلا مٹ امیجز کے ذریعے آپریشنز کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے

# لارنس کالج نہ صرف تعلیمی ادارہ بلکہ علمی ورثہ بھی ہے، سرفراز بگٹی

### یہ ادارہ میری علمی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوا اور اس نے میری قومی خدمت کے جذبے کو بھی پروان چڑھایا

### ایسے ادارے ہی پاکستان کی اصل طاقت ہیں جو قوم کا مستقبل سنوارتے ہیں، وزیراعلیٰ کا تقریب سے خطاب

مری (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ لارنس کالج گھوڑا گلی مری نہ صرف ایک تعلیمی ادارہ ہے بلکہ ایک تاریخی اور علمی ورثہ بھی ہے، جس نے کئی دہائیوں سے ایسی شخصیات پیدا کی ہیں جنہوں نے ملک وقوم کی خدمت کو اپنا مشن بنایا۔ یہ ادارہ اپنے معیارِ تعلیم، تربیت اور کردار سازی کے باعث پاکستان کے تعلیمی نقشے پر ایک درخشاں مثال ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو لارنس کالج گھوڑا گلی مری (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

کے فاؤنڈرز ڈے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ انہیں اس مادرِ علمی سے وابستگی پر فخر ہے کیونکہ وہ خود بھی اسی ادارے کے فارغ التحصیل ہیں۔ وزیراعلیٰ نے جذباتی انداز میں بیکر سے مری تک کے سفر اور کالج میں گزارے گئے یادگار لمحات کو تازہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ نہ صرف ان کی علمی ترقی میں سنگِ میل ثابت ہوا بلکہ نظم و ضبط، قیادت اور قومی خدمت کے جذبے کو بھی پروان چڑھانے میں بنیادی کردار ادا کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ لارنس کالج جیسے ادارے صرف نصابی تعلیم ہی نہیں دیتے بلکہ طلباء کی شخصیت اور کردار سازی میں بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہی ادارے مستقبل کی قیادت تیار کرتے ہیں اور اپنی اقدار و روایات کے باعث منفرد شناخت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لارنس کالج کے فارغ التحصیل طلباء نے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دے کر ادارے اور ملک کا نام روشن کیا ہے انہوں نے فاؤنڈرز ڈے کی شاندار تقریب کے انعقاد پر کالج کی انتظامیہ اور اساتذہ کو مبارکباد دی اور کہا کہ ایسے ادارے ہی پاکستان کی اصل طاقت ہیں جو قوم کے مستقبل کو سنوارتے ہیں۔

# بلوچستان میں موثر قانون سازی پر کام ہو رہا ہے، سرفراز بگٹی

### عوام کو انصاف تک بروقت اور آسان رسائی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے

### وزیراعلیٰ سے وفاقی وزیر قانون کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، قانونی معاملات اور وفاق و صوبے کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے کے ساتھ موثر قانون (باقی صفحہ 5 نمبر 50)

سازی پر کام ہو رہا ہے جس سے عوامی مسائل کے حل میں مدد ملے گی انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبے کے عوام کو انصاف تک بروقت اور آسان رسائی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے ملاقات میں بلوچستان میں قانونی اصلاحات کے عمل کو تیز کرنے اور انصاف کی فراہمی کے نظام کو مزید فعال بنانے پر بھی بات چیت ہوئی وفاقی وزیر قانون نے یقین دہانی کرائی کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے صوبائی حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں انصاف کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر عملی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ عوامی توقعات پر پورا اترا جا سکے۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPP
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تع
حکومت بلو

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی 4
قیمت 30 روپے
صفحات 6
www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph 081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعہ 26 ستمبر 2025ء بمطابق 2 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 263

میر سرفراز بگٹی

# دہشتگردوں کیخلاف سخت آپریشن کی ضرورت، ریاست کی رٹ چیلنج نہیں ہونے دیں گے

**اگر کوئی محروم ہے تو کیا لوگوں کو قتل کرنا شروع کردے، لاپتہ افراد پر پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، ریاست کے اندر ریاست قبول نہیں، وزیراعلیٰ**

**چاغی میں فورسز نے اہم کارروائی کی، جہانزیب نامی دہشتگرد نے ہتھیار ڈال دیئے، دیگر مارے گئے، سخت زمینی اور فضائی آپریشن کرنا ہوگا، پریس کانفرنس**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف سخت آپریشن کی ضرورت ہے، ریاست کی رٹ چیلنج نہیں ہونے دیں گے، لاپتا افراد سے متعلق ماہ رنگ بلوچ پروپیگنڈا کررہی ہیں، ہم ریاست کے اندر ریاست بنانے نہیں دیں گے۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ روز ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا تھا، ہماری فورسز اس گھر تک پہنچیں جہاں دہشت گرد چھپے ہوئے تھے، فورسز پر اس گھر سے فائرنگ کی گئی، فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ہوئے، جبکہ ایک دہشت گرد جہانزیب نے سرنڈر کیا جوان کا ساتھی زندہ گرفتار ہوا، یہ دہشت گرد دالبندین کے علاقے میں دہشت گردوں کی بھرتی کرتا تھا یا ایک ہارڈ کور دہشت گرد گرفتار ہوا ہے یہ دالبندین میں اسلحہ سپلائی کرتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں

بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

کے خلاف سخت آپریشن کی ضرورت ہے ریاست کی رٹ چیلنج نہیں ہونے دیں گے، بلوچستان میں قیام امن کے لیے کام کررہے ہیں، دہشت گردوں کو کسی صورت رعایت نہیں دیں گے وہ نہتے شہریوں کو نشانہ بنارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد، بلوچوں کے نام پر اسٹیٹ کو ڈی اسٹیبلائزڈ کررہے ہیں کس نے کہا ہے کہ ہم نے مذاکرات نہیں کیے؟ ہم پر کوئی دبا نہیں تھا پھر بھی ہم نے مذاکرات کی کوشش کی مینگل صاحب اور مالک صاحب کی جماعتوں کے لوگ بھی ہمارے ساتھ تھے، ایک لوگ وہ ہیں جنہوں نے بندوق نہیں اٹھائی اور ایک وہ ہیں جنہوں نے بندوق اٹھائی ہوئی ہے، اگر کوئی محروم ہے تو کیا وہ لوگوں کو قتل کرنا شروع کردے؟ یہ وائلنس کا کوئی جواز نہیں ہے، اسے ہم کبھی ناراض بلوچ اور کبھی محرومی کا نام دیتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ لاپتا افراد سے متعلق ماہ رنگ بلوچ پروپیگنڈا کررہی ہیں، ہم ریاست کے اندر ریاست بنانے نہیں دیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی، گزشتہ روز فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف چاغی میں اہم کارروائی کی، دہشتگرد جہانزیب نے ہتھیار ڈال دیئے دیگر آپریشن میں مارے گئے۔ سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ دہشت گرد اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا چاہتے تھے، دہشت گرد جہانزیب نے ویڈیو بیان میں مختلف کارروائیوں کا اعتراف کیا، دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین فضائی اور زمینی آپریشن ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گرد جہانزیب دالبندین میں ہتھیار اور دیگر مواد سپلائی کرتا تھا، آپریشن کے دوران ایک جوان زخمی ہوا، جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں، سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی متعدد کارروائیوں کو بروقت ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ہائی ویلیو ٹارگٹ کو پکڑنا فورسز کی اہم کامیابی ہے، افغان حکومت اپنی سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دے، انتہاپسند نوجوانوں کو ورغلانے کی کوشش کررہے ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ کسی کو بلوچستان کا امن متاثر نہیں کرنے دیں گے، دہشت گردوں کی کمیونیکیشن کو روکنا ضروری ہے، فورجی سروس بند کرنے پر حکومت پر بڑی تنقید ہوئی، انٹرنیٹ سروس بند کرنے کا مقصد دہشت گردی کو کنٹرول کرنا تھا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ بھارتی ایجنسی را پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے، پہلے دن سے کہہ رہا ہوں کہ یہ را بیسڈ، رافنڈڈ جنگ ہے، یہ را کی پاکستان پر مسلط کردہ جنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کو ریاست مخالف بیانیہ بنانے میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد بلوچستان میں کارروائیوں میں ملوث ہیں، لاپتا افراد سے متعلق ماہ رنگ بلوچ پروپیگنڈا کررہی ہے۔



مری/ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کالارنس کالج گھوڑا گلی کے طالب علموں کے ہمراہ گروپ

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB
RELATIONS BALOCH

نظامت اعلیٰ تعلقات
حکومت بلوچس

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

رجسٹرڈ نمبر ایل ایس I-3

حب بلوچستان

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 32 | جمعرات 25 ستمبر 2025ء بمطابق یکم ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 262

# ملک توڑنے کی کوشش کرنے والوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی

میر سرفراز بگٹی

نے ریاست کو نا قابل تلافی نقصان پہنچایا ہے، لاپتہ افراد پر سیاست کرنے والے صرف بلوچستان کی پسماندگی کو بڑھاوا دے رہے ہیں، وزیراعلیٰ

گرانٹ کا اعلان، بی آئی ایس پی کی پسماندہ علاقوں تک رسائی ترجیح ہے، قائم مقام افغان قونصل جنرل مولوی حبیب اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد، مشیر وزیراعظم روبینہ خورشید سے گفتگو

نے ...

پاکستان سے الحاق ایک مسلمہ تاریخی حقیقت ہے اور اس خطے کے بارے میں دنیا میں پھیلایا جانے والا گمراہ کن بیانیہ اصل حقائق کو مسخ کرتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ تین چار دہائیوں سے اسلام آباد میں بلوچستان کے بارے میں جو تاثر دیا گیا وہ حقیقت کے برعکس ہے انہوں نے کہا کہ علیحدگی

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

پسند دہشت گردوں کو بدستور پڑوسی ملک کی حمایت حاصل ہے انہوں نے کہا کہ دنیا کا کوئی ملک علیحدگی کی تحریکوں کی اجازت نہیں دیتا بلوچستان میں دھماکوں اور دہشت گردی کے واقعات نے ریاست کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے دہشت گردوں کو گرفتار کر کے عدالتوں میں پیش کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ پہلی حکومت ہے جس نے لاپتہ افراد کے مسئلے کو حل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم لاپتہ افراد پر سیاست کرنے والے صرف بلوچستان کی پسماندگی کو بڑھاوا دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ 21 جون 2001 کو فراری کیمپس قائم ہوئے، 2008 کے انتخابات بلوچستان کی تاریخ کے پرامن ترین انتخابات تھے اور 2016 تک صوبے میں امن قائم رہا، تاہم 2018 میں رہا ہونے والے عناصر دوبارہ دہشت گرد تنظیموں سے جا ملے انہوں نے اگست 2016 میں کوئٹہ میں وکلاء کی شہادت کو بلوچستان کے لیے ایک بڑا قومی سانحہ قرار دیا اور کہا کہ اس وقت وہ وزیر داخلہ تھے اور اس واقعے کے بعد ایک حساس ادارے نے مرکزی ملزم کو گرفتار کیا جس نے اہم انکشافات کئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان کو توڑنے کی کوششیں کی جارہی ہیں لیکن پاکستان کبھی نہیں ٹوٹے گا، یہ عوام کا وطن ہے کچھ عناصر بلوچستان کو کیک کی طرح تقسیم کرنے کی خواہش رکھتے ہیں مگر ان کے مذموم مقاصد کبھی کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ لاہور اور کوئٹہ کا کوئی موازنہ نہیں اور نہ ہی پنجاب اور بلوچستان کی ترقی میں کوئی تنازع موجود ہے انہوں نے کہا کہ یہ خطہ ماضی میں برٹش بلوچستان کہلاتا تھا اور بعد ازاں پاکستان کے ساتھ الحاق کیا، جو ایک ناقابل تردید تاریخی حقیقت ہے موجودہ صوبائی حکومت تعلیم و صحت سمیت گڈ گورننس کے قیام کے لئے کوشاں ہے اور حکومت کے اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو گئے ہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے لیے 10 کروڑ روپے کی گرانٹ کا اعلان کیا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے افغانستان کے قائمقام قونصل جنرل مولوی محمد حبیب ناصر نے ملاقات کی جس میں بلوچستان سے افغان مہاجرین کے انخلا اور باعزت واپسی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے قائم مقام قونصل جنرل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غیر ملکیوں کے انخلا سے متعلق قومی پالیسی پر بلوچستان حکومت موثر عمل درآمد کروا رہی ہے اور وطن واپس جانے والے افغان مہاجرین کو صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن معاونت فراہم کی جارہی ہے، جبکہ ضعیف العمر افراد، خواتین اور بچوں کا خصوصی خیال رکھنے سے متعلق پہلے ہی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین (یو این ایچ سی آر) کے حکام سے بھی مسلسل رابطہ رکھا جارہا ہے تاکہ انخلا کا یہ عمل انسانی ہمدردی اور وقار کے ساتھ آگے بڑھایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری روایات احترام انسانیت اور باہمی بھائی چارے پر مبنی ہیں، افغان خواتین کو ہم اپنی ماں اور بہنوں کی طرح سمجھتے ہیں اور اسی جذب کے تحت ہم نے اپنی انتظامیہ کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ مہاجرین کے انخلا کے دوران کسی بھی فرد کو تکلیف یا دشواری نہ ہو۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ مقامی سطح پر انتظامی معاملات کی بروقت نگرانی اور رابطہ کاری کو یقینی بنانے کے لیے ایک سینئر افسر محمد فریدون کو بطور فوکل پرسن تعینات کردیا گیا ہے تاکہ مہاجرین کو سہولیات کی فراہمی اور واپسی کے عمل میں کوئی رکاوٹ نہ آئے اور اگر کوئی مسئلہ درپیش آتا ہے تو اس کو فوری حل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ افغان مہاجرین کی واپسی ایک تدریجی اور باعزت عمل کے طور پر پایہ تکمیل کو پہنچے گا جس کے دوران صوبائی حکومت انسانی ہمدردی کے تحت ہر ممکن تعاون فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین کی باعزت واپسی نہ صرف بلوچستان بلکہ دونوں برادر ممالک کے بہترین مفاد میں ہے۔ ملاقات میں رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی اور سول سوسائٹی کے نمائندے علاؤالدین خلجی بھی موجود تھے۔

TEKH

بلوچستان

# اسکولوں کی عم...

معیاری علم پر اربوں روپے کا سالانہ بج...

مستحق طلباء کے اسکالرشپ پر ... کا

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 جمعہ 26 ستمبر 2025ء بمطابق 02 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر-262


# سیکورٹی فورسز کی کارروائی میں دہشت گرد زبیر عرف شاہ جی اور نثار ہلاک

## جہانزیب نے خود کو فورسز کے حوالے کردیا، وزیراعلیٰ بلوچستان

**اگر کوئی محروم ہے تو کیا وہ لوگوں کو قتل کرنا شروع کردے؟ یہ تو کوئی جواز نہیں، لاپتہ افراد سے متعلق ماہ رنگ بلوچ پروپیگنڈا کررہی، ریاست کے اندر ریاست بنانے نہیں دیں گے**


**ہم پر کوئی دباؤ نہیں تھا اس کے باوجود ہم نے مذاکرات کی کوشش کی بلوچستان میں مختلف دہشت گرد تنظیموں کو اکٹھا کیا جا رہا ہے اور بھارتی خفیہ ایجنسی را ان کی براہ راست پشت پناہی کر رہی ہے**

**چند روز قبل ایک پروفیسر اور ایک وکیل سمیت کئی افراد کو گرفتار کیا گیا جو دہشت گرد نیٹ ورک سے وابستہ تھے دہشت گرد کو کسی پیشے سے منسلک کرنا درست نہیں دہشت گرد صرف دہشت گرد ہوتا ہے، پریس کانفرنس**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف سخت اور بے رحمانہ آپریشن جاری رہے گا ریاست کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں ہونے دیا جائے گا جو لوگ ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے دروازے کھلے ہیں لیکن جو ریاست کے خلاف بندوق اٹھائیں گے وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے انہوں نے جمعرات کو اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم پر کوئی دباؤ نہیں تھا اس کے باوجود ہم نے مذاکرات

(بقیہ نمبر3 صفحہ نمبر2 پر)

کی کوشش کی بلوچستان میں مختلف دہشت گرد تنظیموں کو اکٹھا کیا جا رہا ہے اور بھارتی خفیہ ایجنسی را ان کی براہ راست پشت پناہی کر رہی ہے دہشت گردوں کو افغانستان میں پناہ اور بھارت سے فنڈنگ ملتی ہے ان کا مقصد صرف پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے وزیر اعلیٰ نے انکشاف کیا کہ گزشتہ روز کارروائی میں دہشت گرد زبیر عرف شاہ جی اور نثار ہلاک ہوئے جبکہ ایک اور کمانڈر جہانزیب نے خود کو فورسز کے حوالے کردیا انہوں نے بتایا کہ چند روز قبل ایک پروفیسر اور ایک وکیل سمیت کئی افراد کو گرفتار کیا گیا جو دہشت گرد نیٹ ورک سے وابستہ تھے دہشت گرد کو کسی پیشے سے منسلک کرنا درست نہیں دہشت گرد صرف دہشت گرد ہوتا ہے اور اسے کسی صورت رعایت نہیں دی جاسکتی میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ دہشت گرد چینی شہریوں اور ترقیاتی منصوبوں پر نظر رکھے ہوئے تھے تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے بڑے نقصان کو ٹال دیا انہوں نے کہا کہ حکومت نے بارہا مذاکرات کی پیشکش کی مگر جو عناصر ریاست سے جنگ کر رہے ہیں وہ پاکستان کو توڑنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر کسی کو محرومیاں ہیں تو مزدوروں کو کیوں قتل کیا جاتا ہے؟ ڈاکٹر ماہرنگ کے احتجاج کے دوران سڑکیں بلاک کر دی گئیں کیا عدالت عالیہ نے سڑکیں بند کرنے کے خلاف فیصلہ نہیں دیا؟ دنیا کی کوئی حکومت ایسے اقدامات برداشت نہیں کرتی وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس سال فیصلہ کیا گیا ہے کہ سیٹلائٹ امیجز کے ذریعے آپریشنز کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے بھی سخت اقدامات ہوں گے انہوں نے زور دے کر کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کے لئے سیکیورٹی فورسز اور انٹیلی جنس اداروں کی قربانیاں لائق تحسین ہیں اور صوبے کو دہشت گردی سے پاک کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رومینہ خورشید ملاقات کررہی ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECT…
GENERAL …
RELATIONS B…

نظامت اعلیٰ …
حکومت …

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعہ 26 ستمبر 2025ء بمطابق 02 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 262

# دہشتگردوں کو افغانستان میں ریاستی سرپرستی حاصل ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

## ریاست کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دینگے

پڑوسی ملک میں دہشت گردوں کو محفوظ پناہ گاہیں اور تربیتی کیمپ چلانے کی جگہیں فراہم کی جاتی ہیں، حال ہی میں مارے گئے دہشت گردوں میں سے بہت سے دہشت گردوں کا تعلق افغانستان سے تھا

فورسز نے گزشتہ روز چاغی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن میں زبیر نامی شخص اور اس کا ساتھی مارا گیا، جو چینی باشندوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھتا تھا اور بھارتی خفیہ ایجنسی ''را'' کے لیے تخریبی منصوبہ بندی کرتا تھا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کو افغانستان میں ریاستی سرپرستی حاصل ہے جہاں سے وہ ہم پر حملہ کرتے ہیں، دہشتگرد نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں انہیں کسی صورت رعایت نہیں دیں گے، را اور دہشتگردوں کے کیمپس افغانستان میں ہیں، حقوق نہ ملنے پر لوگوں کا قتل عام کرنا کہاں کا انصاف ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سرفراز بگٹی نے کہا کہ کل ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا تھا، کل ہماری فورسز اس گھر تک پہنچیں جہاں دہشت گرد چھپے ہوئے تھے، فورسز پر اس گھر سے فائرنگ کی گئی، فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ ایک دہشت گرد جہانزیب نے سرنڈر کیا، جوان کا ساتھی زندہ گرفتار ہوا یہ دہشت گرد دالبندین کے علاقے میں دہشت گردوں کی بھرتی کرتا تھا، یہ ایک ہارڈ کور دہشت گرد گرفتار ہوا ہے یہ دالبندین میں اسلحہ سپلائی کرتا تھا۔ دہشت گردوں کو افغانستان میں محفوظ پناہ گاہیں اور تربیتی کیمپ چلانے کی جگہیں فراہم کی جاتی ہیں۔ حال ہی میں مارے گئے دہشت گردوں میں سے بہت سے دہشت گردوں کا تعلق افغانستان سے تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ماہ رنگ بلوچ کے جلسے سے پہلے بی ایل اے کا ترانہ پڑھا جاتا ہے، یہ انتہا پسند قومی پرچم اور ترانے کو نہیں مانتے، بطور پاکستانی میں کلبھوشن یادو کو اپنے لوگوں کا قاتل سمجھتا ہوں، اس کی پھانسی پر عملدرآمد کا فیصلہ وفاق نے کرنا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں قیام امن کیلیے اقدامات کر رہے ہیں، دہشتگردوں کیخلاف سخت ترین زمینی اور فضائی آپریشنز جاری ہیں، ریاست کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فورسز نے گزشتہ روز دہشت گردوں کے خلاف اہم کارروائی کی، ہم نے چاغی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن میں زبیر نامی شخص اور اس کا ساتھی مارا گیا، اب لوگ کہہ رہے ہیں کہ زبیر ایک وکیل تھا۔ انہوں نے بتایا کہ دہشتگرد زبیر عرف شاہ جی چینی باشندوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھتا تھا اور بھارتی خفیہ ایجنسی را کے لیے تخریبی منصوبہ بندی کرتا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپریشن میں ایک سیکیورٹی اہلکار زخمی ہوا جس کی صحتیابی کیلیے دعا گو ہوں۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس کر رہے ہیں



مری، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کالارنس کالج میں پوزیشن حاصل کرنیوالے طلباء کے ہمراہ گروپ فوٹو

## وزیراعلیٰ کی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات

### باہمی دلچسپی کے امور، قانونی معاملات اور وفاق وصوبے کے درمیان تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، قانونی معاملات اور وفاق وصوبے کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے کے ساتھ موثر قانون سازی پر کام ہو رہا ہے جس سے عوامی مسائل کے حل میں مدد ملے گی انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبے کے عوام کو انصاف تک بروقت اور آسان رسائی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے ملاقات میں بلوچستان میں قانونی اصلاحات کے عمل کو تیز کرنے اور انصاف کی فراہمی کے نظام کو مزید فعال بنانے پر بھی بات چیت ہوئی وفاقی وزیر قانون نے یقین دہانی کرائی کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے صوبائی حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں انصاف کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر عملی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ عوامی توقعات پر پورا اترا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حمید الامین
جلد 80 | جمعہ 26 ستمبر 2025ء 2 ربیع الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 263

وزیر اعلیٰ بلوچستان

# دہشتگردوں کیخلاف سخت آپریشن جاری رہیگا

بلوچستان میں مختلف دہشت گرد تنظیموں کو اکٹھا کیا جا رہا ہے اور بھارتی خفیہ ایجنسی را ان کی براہ راست پشت پناہی کر رہی ہے

صوبے کے عوام کو انصاف تک بروقت اور آسان رسائی یقینی بنانا ترجیح ہے، لارنس کالج جیسے ادارے صرف نصابی تعلیم ہی نہیں بلکہ طلبا کی شخصیت اور کردار سازی میں بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، سرفراز بگٹی

اسلام آباد، کوئٹہ، مری (اسٹاف رپورٹر، خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف سخت اور بے رحمانہ آپریشن جاری رہے گا ریاست کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں ہونے دیا جائے گا جو لوگ ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے دروازے کھلے ہیں لیکن جو ریاست کے خلاف بندوق اٹھائیں گے وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے انہوں نے جمعرات کو اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم پر کوئی دباؤ نہیں تھا اس کے باوجود ہم نے مذاکرات کی کوشش کی بلوچستان میں مختلف دہشت گرد تنظیموں کو اکٹھا کیا جا رہا ہے اور بھارتی خفیہ ایجنسی را ان کی براہ راست پشت پناہی کر رہی ہے دہشت گردوں کو افغانستان میں پناہ اور بھارت سے فنڈنگ ملتی ہے ان کا مقصد صرف پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے وزیر اعلیٰ نے انکشاف کیا کہ گزشتہ روز کارروائی میں دہشت گرد زبیر عرف شاہ جی اور نثار ہلاک ہوئے جبکہ ایک اور کمانڈر جہانزیب نے خود کو فورسز کے حوالے کر دیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

Balochistan Times
MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
VOL XLV No. 1230 QUETTA Friday September 26, 2025 / Rabi' al-Thani 02, 1447 Rs



ISLAMABAD: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti exchanging views with Prime Minister's Coordinator on Climate Change Romina Khurshid Alam on Thursday.

# Terrorists receive 'state patronage' in Afghanistan: Sarfraz Bugti

Teacher training essential for

tural regions of Balochistan. He further condemned the registration of First Information Reports (FIRs) against peaceful farmers protesting for their rights, terming such action unjustified and highly condemnable. He demanded that the FIR be withdrawn immediately,

Club, flanked by Arya Hureen, Raza Muhammad Khilji, and several other farmer representatives. Bath stated that filing an FIR against peaceful protesters only serves to escalate tensions. He gave the government a ten-day deadline to withdraw the FIR, warning that otherwise, the Kisan Ittehad Pakistan would be

According to him, the committee's role should be to review the situation across all districts and compile an authentic report. It should determine how many tube wells have been converted to the solar system, how many remain pending, and how much financial compensation has been disbursed to farmers. Only

him, reflect the failure of th federal and provincial governments to ensure price stability He demanded that both governments announce a minimum support price for wheat before the cultivation season begins so that landowners could plan accordingly and cultivate maximum wheat.He categorically demanded that

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 — Dated: 26 SEP 2025 — Page No. 12

# کوئٹہ اور اسلام آباد میں ایکسپو کم ڈسپلے سینٹر کا قیام اولین ترجیح، جام کمال

## ڈیزائن اوپن بڈ ماڈل کے تحت تیار کیا جائے گا، قیام سے مقامی صنعت مضبوط اور تجارت کے نئے مواقع پیدا ہونگے، بریفنگ

## کوئٹہ ایئر پورٹ کے قریب قیام سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو آسان رسائی ہوگی، فنڈنگ کی تصدیق ہونے کے بعد تعمیراتی کام آگے بڑھ[ے گا]

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ اسلام آباد اور کوئٹہ میں نئے ایکسپو اور ڈسپلے سینٹرز کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت کی توجہ اسلام آباد میں ایکسپو کم ڈسپلے سینٹر کے قیام اور کوئٹہ ایکسپو سینٹر کے لیے نئی زمین کی نشاندہی پر مرکوز ہے جو پاکستان کے وسیع تر منصوبے کے تحت جدید نمائش اور ڈسپلے کی سہولیات کا ملک گیر نیٹ ورک بنانے کے لیے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو وزارت تجارت میں پاکستان ایکسپو سینٹر (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے سی ای او کی جانب سے [تفصیلی] بریفنگ کے دوران کیا۔ بریفنگ میں تمام صوبوں م[یں] چھوٹے پیمانے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

پر ایکسپو اور ڈسپلے سینٹرز قائم کرنے کے منصوبوں کا خاکہ پیش ک[یا] گیا تا کہ مقامی صنعت کو مضبوط کیا جا سکے، برآمدات کو فروغ د[یا] جا سکے اور تجارت کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ وفاقی وزیر جا[م] کمال خان نے کہا کہ پاکستان سپورٹس کمپلیکس کے اندر مم[کنہ] مقامات پر غور کیا جا سکتا ہے کیونکہ وہاں بہت سی سہولیات پہ[لے] سے موجود ہیں جس سے وقت اور لاگت دونوں کی بچت ہوگی۔ جام کمال نے کہا کہ دوسری کلیدی توجہ کوئٹہ ایکسپو سینٹر کے لیے نئی زمین کو محفوظ بنانا ہے جس کیلئے ایئرپورٹ [کے] قریب جگہ ترجیح ہے تا کہ غیر ملکی زائرین اور سرمایہ کاروں [کے] لیے آسان رسائی ہو سکے۔

# پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کسانوں کے حقوق کی بات کی، صادق عمرانی

## نہری نظام کے تحت پانی دینے کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ دریا کے دروازوں کو نیچے کیا جائے تا کہ پانی کی سطح کو اوپر لایا جا سکے، صوبائی وزیر آبپاشی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے بدھ کے روز ذرائع ابلاغ کے نمائندوں نے ملاقات کی، اس موقع پر صوبائی وزیر آبپاشی سے گرین بلیٹ میں نہری پانی کے حوالے سے لوگوں کو درپیش مسائل اور خدشات کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب کسانوں کی آواز بن کر ہمیشہ پیش پیش رہی ہے اور ہم نے معاشی طور پر کسانوں، زمینداروں اور شعبہ زراعت کو فروغ دینے کیلئے جدو جہد کی ہے، انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات سے نمٹنا انسان کے بس کی بات نہیں لیکن نقصانات کو کم کرنے کے لیے بطور انسان اور حکومت ہم منصوبہ بندی اور بہترین حکمت عملی کے تحت تباہ کاریوں سے انسانوں اور گھروں کو بچانے کے لیے اقدامات کر سکتے ہیں، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب کے دوران دریا سندھ میں تین سے چار لاکھ کیوسک پانی پہلے سے موجود تھا جبکہ باہر سے آنے والا پانی جو تقریباً چھ سے سات لاکھ کیوسک متوقع تھا لہذا اس خطرناک صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمارے انجینیئروں اور سندھ کے انجینیئروں نے باہمی مشاورت سے طے کیا کہ دریا سندھ میں موجود پانی کو نکال کر سمندر میں بہا دیا جائے تا کہ پیچھے سے جو پانی آ جائے تو ہم اس پانی کو باسانی نکال سکیں تا کہ نقصان سے لوگوں کو بچایا جا سکے انہوں نے کہا کہ کشمور سکھر، حیدرآباد اور کوٹلی سے دریا کے جو دروازے تھے اوپر کر دیے گئے تا کہ پانی نکل سکے، صوبائی وزیر نے کہا کہ نہری نظام کے تحت پانی دینے کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ دریا کے دروازوں کو نیچے کیا جائے تا کہ پانی کی سطح کو اوپر لایا جا سکے اگر دروازے اوپر نہیں کیے جائیں اور جہاں 5 لاکھ کیوسک پہلے سے موجود ہو اور 5 لاکھ کیوسک پانی مزید آ جاتا تو دریا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نہری نظام سمیت نصیر آباد، صحبت پور و دیگر گرد و نواح کے علاقے سیلابی پانی سے تباہ و برباد ہو جاتے، انہوں نے کہا کہ قدرتی طور پر سیلابی صورتحال کے پیش نظر دس سے بارہ دنوں تک بحرانی کیفیت رہی اور اس کی بہتری کے لیے ہماری کوششیں جاری ہیں اور گزشتہ تین دنوں سے نہری پانی چھوڑ دی گئی ہے لیکن تمام حالات واقعات سے قطع نظر نہری نظام میں پانی کی چوری بھی ایک سنگین مسئلہ ہے جس کی تدارک کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ میں میڈیا کے نمائندوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ آ کر حالت کا خود جائزہ لیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز اسمبلی اجلاس میں ایک رکن اسمبلی نے عدالتی احکامات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس ضمن میں عدالتی آرڈر موجود ہے۔

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 26 SEP 2025 Page No. 13

## کرپشن میں ملوث افسر یا اہلکار کو عبرت ناک سزا دی جائے گی، آغا محمد یوسف

### آر آر جی اور ایلیٹ فورس کو جدید خطوط پر استوار کریں گے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کہا ہے کہ محکمے کا کوئی بھی افسر یا جوان کرپشن میں ملوث ہوا اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے عبرت ناک سزا دی جائے گی۔ آر آر جی اور ایلیٹ فورس کو جدید خطوط پر استوار کر کریں گے تاکہ ملک دشمن عناصر کے خلاف فورس کو بروئے کار لایا جا سکے اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کی جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی سی ہیڈ کوارٹر بدر لائن میں موجودہ حالات کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر SSP ہیڈ کوارٹر، زونل کمانڈر I-II-III-X-IV اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسد اللہ اور بلوچستان کانسٹیبلری کے آؤٹ زونز کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کی واضح ہدایات ہیں کہ کوئی بھی آفیسر و جوان کرپشن میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف سخت سے سخت محکمانہ کاروائی اور FIR درج جائے گی اور ایسی عبرت ناک سزا دی جائے گی جو سب کرپٹ آفیسران کیلئے ایک سبق ہوگا۔ آئی جی نے آر آر جی اور ایلیٹ فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ زونل کمانڈر RRG اور SP ایلیٹ فورس کا مورال بلند کرنے کیلئے اپنی تجویز تیار کرے۔ تاکہ ملک دشمن عناصر کے خلاف اس فورس کو بروئے کار لایا جا سکے۔ تاکہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کی جا سکے۔ انہوں نے تمام زونل کمانڈرز کو ہدایت کی کہ BC کی تمام پلاٹونز کو 25/25 نفر پر مشتمل کیا جائے۔ اگر کہیں سے کسی ملازم کو تبدیل کرنا ہو تو اس کا متبادل بھی لازمی فراہم کریں کوئی بھی پلاٹون 25 نفر سے کم نہیں ہوگی۔ اور تمام زونل کمانڈرز کو ہدایت کی اگلے ہفتہ سے تمام زونل کمانڈرز اسپورٹس ایونٹ کا انعقاد کرے۔ جس میں کرکٹ، والی بال، فٹ بال ٹورنامنٹ اور رسی کشی کا انعقاد کیا جائے پوزیشن لینے والے جوانوں میں انعامات تقسیم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کو بہتر بنانے کیلئے ہمسایہ ملک چائنہ کے تعاون سے کئی پروجیکٹس فعال ہیں جس پر نہ صرف چائنیز بلکہ بڑی تعداد میں غیر ملکی تجربہ کار کام کر رہے ہیں۔ جو معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ جبکہ سے اینٹی اسٹیٹ ایجنٹس ان معاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کیلئے ہمہ وقت کاروائیاں کرنے کے منصوبہ بناتے رہتے ہیں۔ ان معاشی معاونین کی حفاظت کو یقینی بنانا بھی ہماری اولین ذمہ داری ہے۔

## اسپیکر کی رولنگ کی روشنی میں اجلاس، ایئرپورٹ منیجر کی مسائل کے حل کی یقین دہانی

### ارکان اسمبلی کا عوامی اہمیت کے مسئلے کا بروقت نوٹس لینے پر اسپیکر سے اظہار تشکر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کی رولنگ کی روشنی میں کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے منیجر کے ساتھ اجلاس، ایئرپورٹ منیجر کی مسائل کے حل اور تعاون کی یقین دہانی، جمعرات کو منعقدہ اجلاس میں کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اراکین اسمبلی رحمت صالح بلوچ، میر جہانزیب مینگل، خیر جان بلوچ، میر اصغر رند، میر برکت رند، سنجے کمار، میر سلیم احمد کھوسہ اور محمد خان لہڑی نے شرکت کی۔ نیشنل پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحمت صالح بلوچ نے 23 ستمبر 2025 کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کوئٹہ ایئرپورٹ پر عوام کو درپیش مشکلات کی نشاندہی کی تھی جس پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی رولنگ کی روشنی میں ایئرپورٹ منیجر نے اجلاس میں شرکت کی اور اراکین اسمبلی کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

MASHRIQ QUETTA

## مسائل کا حل مشکل نہیں شہری ملکر سائنٹیفک بنیادوں پر آگے بڑھیں، کمشنر کوئٹہ

### صفائی، ٹریفک و دیگر مسائل کے حل کو جہاد قرار نہیں دیا جا سکتا بدقسمتی سے کوئٹہ کیلئے لینڈ یوز پلان مرتب ہی نہیں کیا گیا' شاہزیب خان کاکڑ

### ماس ٹرانسپورٹ میں بہتری، شہر کے گنجان آباد اور وسطی علاقوں میں پارکنگ فیس میں اضافہ ضروری ہے' بزنس کمیونٹی ہمارا ساتھ دیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عوام کو درپیش مسائل کی بنیادی وجہ چیزوں کو سائنٹیفک طریقے سے نہ دیکھنا ہے، صفا کوئٹہ پروجیکٹ کے فیز II کے تحت شہر کے سات علاقوں میں صفائی کا عملہ اب ڈور ٹو ڈور جا کر کچرہ اکٹھا کر رہا ہے، ماس ٹرانسپورٹ کی بہتری اور شہر کے وسطی علاقوں میں پارکنگ فیس میں اضافہ سے ٹریفک کے مسائل میں کمی لائی جا سکتی ہے، 30 اکتوبر سے 15 نومبر تک انسکمب روڈ و دیگر کا توسیعی کام مکمل ہوگا بزنس کمیونٹی شہر کی تعمیر و ترقی اور عوام کو درپیش مشکلات ........

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کے حل میں ہمارا ساتھ دیں کوئٹہ شہر میں پانی کے بے دریغ استعمال اور ضیاع کا سلسلہ نہ روکا گیا تو کوئٹہ کو کیپ ٹاؤن بننے سے کوئی نہیں روک سکتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر فیصل بھی موجود تھے اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ، نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ، قائمہ کمیٹی برائے میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین سردار زین العابدین خلجی و دیگر کا کہنا تھا کہ کوئٹہ کے مکینوں کو صفائی، ٹریفک، پارکنگ، روڈ کٹنگ، منشیات کے عادی افراد کی بھرمار سمیت مختلف مسائل درپیش ہیں

CLIPPING SERVICE

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 SEP 2025

Page No. 16

# فوڈ اتھارٹی نے 290 کلو ملاوٹی و غیر صحت بخش دہی اور دودھ تلف کر دیا

**ملاوٹ ثابت ہونے پر ایک دکان سیل 7 دودھ فروشوں کیخلاف قانونی کارروائی بھاری جرمانے عائد**

## صوبائی فوڈ اتھارٹی نے ڈیری مصنوعات میں ملاوٹ کرنیوالے عناصر کیخلاف سخت پالیسی اپنائی ہے

**فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹریوں میں دودھ سمیت خوردنی اشیاء کا معیار فوری طور پر چیک کیا جاتا ہے، افسران**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے دودھ اور دہی سمیت ڈیری مصنوعات کے معیار کو جانچنے کے لئے خصوصی مہم دن رات جاری ہے۔ اس سلسلے میں موبائل انسپکشن ٹیموں نے سبزل، خیزی چوک، سمنگلی اور سی پیک روڈ پر قائم دکانوں کے ساتھ ساتھ دودھ بردار گاڑیوں کی بھی تفصیلی چیکنگ کی۔ کارروائی کے دوران 17 دودھ بردار گاڑیوں اور 17 دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ موقع پر ہی 4200 لیٹر دودھ اور سینکڑوں کلو دہی کے نمونے ٹیسٹ کئے گئے، جن میں سے 290 کلو ملاوٹی و غیر صحت بخش دہی اور دودھ ضبط کر کے تلف کر دیا گیا۔ ملاوٹ ثابت ہونے پر ایک دکان کو سیل جبکہ سات دودھ فروشوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا اس ضمن میں کہنا ہے کہ عوام کو محفوظ، معیاری اور ملاوٹ سے پاک خوراک فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ ڈیری مصنوعات میں ملاوٹ کرنے والے عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور بلا امتیاز کارروائیاں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی۔ ترجمان کے مطابق بی ایف اے کی موبائل فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹریوں میں جدید ٹیسٹنگ سہولیات موجود ہیں جن کی بدولت دودھ سمیت خوردنی اشیاء کا معیار فوری طور پر چیک کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں اتھارٹی کی جانب سے عوام سے بھی اپیل کی گئی کہ ملاوٹ یا خوراک کے معیار سے متعلق کسی بھی شکایت یا شک کی صورت میں فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن/ واٹس ایپ (0333-4664507) یا بی ایف اے کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر فوری اطلاع دیں تاکہ ذمہ داران کے خلاف بروقت کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 26 SEP 2025 Page No. 16


# کچھی میں ڈاکوؤں کیخلاف کارروائی کے دوران لیویز اہلکار شہید، دو ڈاکو زخمی

[illegible] شہید لیویز اہلکار کو حکومت بلوچستان کا خراج عقیدت

صوبائی حکومت کا شہید کے لواحقین کیلئے 1 کروڑ 11 لاکھ مالی امداد کا اعلان، اعزاز و اکرام کے ساتھ سپرد خاک

کوئٹہ/ جھال مگسی (اسٹاف رپورٹر/ نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع کچھی کی تحصیل سنی میں ڈاکوؤں کیخلاف لیویز کی کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں ایک لیویز اہلکار شہید، دو ڈاکو زخمی ہو گئے، لیویز نے ڈاکوؤں کی پناہ گاہوں کو نذر آتش کر دیا۔ بلوچستان حکومت نے شہید لیویز اہلکار محسن علی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا قومی شاہراہوں پر لوٹ مار میں ملوث جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف لیویز فورس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت آپریشن کر رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ڈپٹی کمشنر جمعہ داد مندوخیل کی سربراہی میں لیویز فورس نے گزشتہ روز ضلع کچھی کی تحصیل سنی میں بدنام زمانہ ڈکیت گروہ کیخلاف آپریشن شروع کیا، دوران ڈاکوؤں نے لیویز فورس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں ایک لیویز اہلکار محسن زخمی ہو گیا جسے فوری طور پر ہسپتال پہنچایا جہاں وہ زخمیوں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گئے جبکہ لیویز کی فائرنگ سے 2 ڈاکو زخمی ہوگئے۔ لیویز نے ڈاکوؤں کی متعدد پناہ گاہوں کو نذر آتش کر دیا۔ حکومت بلوچستان نے تحصیل سنی میں ڈاکوؤں کے خلاف لیویز فورس کی کارروائی کے دوران شہادت پانے والے اہلکار محسن علی کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ شہید کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی ان کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

# سریاب روڈ پر موسیٰ کالونی کے قریب سے لاش برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ موسیٰ کالونی کے قریب سے لاش برآمد ہوئی پولیس کے مطابق ایس ایچ او کیچی بیگ کو اطلاع ملی تھی کہ موسیٰ کالونی کے قریب ایک لاش پڑی ہوئی ہے پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش تحویل میں لی اور ہسپتال پہنچائی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش کو شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا پولیس نے بتایا کہ نامعلوم افراد کسی اور علاقے میں فائرنگ کر کے قتل کرنے کے بعد لاش موسیٰ کالونی کے قریب پھینک کر فرار ہو گئے کیچی بیگ پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کو منتقل کر دیا۔

# خضدار: یتیم بچی اغوا کر لی گئی، متاثرہ خاندان کو AC کی دھمکیاں، خاموش رہنے کا مشورہ

[illegible]

ہم نے ملزمان کی نشاندہی کی ان کا ٹھکانہ تک بتایا مگر اسسٹنٹ کمشنر مدد کرنے کی بجائے دھمکیاں دے رہا ہے، مولوی رحمت اللہ

خضدار (این این آئی) ضلع خضدار کے علاقے باغبانہ حسن زئی باجوئی میں ایک 12 سالہ یتیم بچی عائشہ بی بی کو مبینہ طور پر بااثر قبائلی افراد نے رات کی تاریکی میں گھر پر حملہ کر کے اغوا کر لیا۔ یہ واقعہ 23 ستمبر کی رات پیش آیا، عائشہ بی بی والدین کی وفات کے بعد رشتہ داروں کے ساتھ رہ رہی تھی۔ مولوی رحمت اللہ زہری، جو خاندان کے سربراہ ہیں، نے پریس کانفرنس میں آبدیدہ آنکھوں سے بتایا کہ ہماری بچی معصوم ہے، اسے رات کے وقت گھر سے اٹھا لیا گیا اور ہمارے پاس اس کی بازیابی کا کوئی ذریعہ نہیں۔ ہم نے ملزمان کی نشاندہی کی، ان کا ٹھکانہ اور مکان تک بتایا، مگر اسسٹنٹ کمشنر خضدار نے بجائے مدد کرنے کے ہمیں دھمکیاں دیں اور کہا کہ خاموش رہیں۔ یہ ظلم کی انتہا ہے، ہمارا خاندان تباہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ بااثر افراد مقامی طاقتوں کے پالے ہوئے ہیں، جن کی وجہ سے عام لوگوں کی آواز دب جاتی ہے۔ نشیر محمد باجوئی، عبیداللہ زہری، حافظ امان اللہ زہری، محبوب علی باجوئی، نواب خان باجوئی، ذوالفقار باجوئی، محمد پناہ باجوئی اور عبدالغنی باجوئی نے بھی پریس کانفرنس میں شرکت کی اور اپنی بے بسی کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم غریب لوگ ہیں، ہمارے پاس نہ وسائل ہیں نہ طاقت۔ بچی کے اغوا کے بعد ہماری خواتین اور بچے خوفزدہ ہیں، راتیں جاگ کر گزار رہے ہیں۔ حکام کو معلومات دیں، مگر وہ کارروائی کی بجائے ہمیں ہی دبانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اگر یہ ظلم جاری رہا تو ہمارا خاندان برباد ہو جائے گا۔ خاندان نے الزام عائد کیا کہ مقامی حکام کی غفلت اور جانبداری کی وجہ سے ایسے واقعات بڑھ رہے ہیں، اور ان کی آواز کو سننے والا کوئی نہیں۔ انتظامیہ کو بچی کی بازیابی کے لیے مزید 24 گھنٹے کی مہلت دی گئی ہے، اور اگر مطالبہ پورا نہ ہوا تو 26 ستمبر بروز جمعہ کو شاہراہ دوبارہ بلاک کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

CamScanner

عوامی مسائل


**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 26 SEP 2025 Page No. 17


# چاغی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

**چینی، دالیں آٹا کے بعد اب سبزیاں غریب افراد کی قوت خرید سے باہر ہوگئی ہیں، حکام بالا نوٹس لیں، عوامی حلقے**

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر میں مہنگائی آسمان کو چھو گئی ہیں ٹماٹر اور کدو ڈبل سنچری کر گئے، سبزیوں کی قیمتیں عوام کے دسترس سے باہر ہوگئی ہے چاغی شہر کی سبزی مارکیٹوں میں منگائی کی لہر برقرار شہریوں کا چاغی کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چینی، دالیں آٹا کے بعد اب سبزیاں غریب افراد کی قوت خرید سے باہر ہوگئی ہیں چاغی شہر کی سبزی مارکیٹوں میں منگائی کی لہر برقرار، چاغی شہر میں سبزی اور اشیا خوردونوش سمیت روزمرہ ضرورت کے دیگر چیزوں کی قیمتوں کو پر لگ گئے ہیں، متوسط طبقے کی قوت خرید جواب دے گئی ہے چاغی، ٹماٹر 200 کدو 200، توری 160 روپے ٹھینڈا 200 روپے بھینڈی 280 روپے، آلو 100 روپے، بینگن 140 روپے، گوبھی 150 روپے میں فروخت ہورہا ہیں ہوشربا مہنگائی کے باعث غریب اور متوسط طبقے کی قوت خرید جواب دے گئی، لوگ شدید مالی مشکلات سے دوچار ہوگئے ہیں قصائی، سبزیوں اور دہی کے دکانوں میں صفائی کا فقدان ہے قصاب گلی میں قصائی دکانوں کے اندر بکریاں زبح کرتے ہیں چاغی شہر میں منافع خور سرگرم ہوگئے ہیں اور عوام کو دو ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں، جبکہ متعلقہ حکام نے مکمل خاموشی سادھ لی ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈی سی چاغی عطاء المنعیم بلوچ اسسٹنٹ کمشنر دالبندین مجیب الرحمٰن ساتکزئی اور تحصیلدار چاغی سے مطالبہ کیا کہ چاغی میں منافع خور دکانداروں کیخلاف کارروائی کی جائیں

# کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں گندم کا بحران' آٹے کی قیمت میں اضافہ

**20 کلو کا تھیلا 2300 روپے کا ہوگیا' مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام مزید پریشان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں آٹے کا بحران شدت اختیار کرگیا، 20 کلو کا تھیلا 2300 روپے کا ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے محکمہ خوراک کے پاس 8 لاکھ بوریاں گندم اسٹاک میں موجود ہونے کے باوجود رواں سال مارچ اور اپریل میں گندم خریدی

بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

نہیں گئی حتیٰ کہ پرانا اسٹاک بھی فروخت کردیا گیا۔ بتایا جارہا ہے کہ اب صوبے کے پاس کوئی اسٹاک موجود نہیں، صوبے میں آٹے کے بحران کے باعث گزشتہ 3 ہفتوں کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2300 روپے تک پہنچ گئی جس سے عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوگیا۔ محکمہ خوراک نے بلوچستان کابینہ کی منظوری کے بعد اسٹاک میں موجود گندم کو خراب ہونے کے خدشے کے پیشِ نظر اونے پونے داموں فروخت کرکے گوداموں کی صفائی کردی جس سے محکمہ کو 6 ارب روپے کا نقصان اٹھانا پڑا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 26 SEP 2025 Page No. 18

# ریاست کیخلاف بندوق اٹھانے والوں کو جواب دینے کا وقت آگیا

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سپریم کورٹ بار کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست کے خلاف بندوق اٹھانے والے عناصر کو قانون کے مطابق جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے نوجوانوں کو بندوق اٹھانے پر مجبور کرانے کو ظلم قرار دیا اور کہا کہ جو لوگ تشدد کے ذریعے ریاست کو توڑنے کی کوشش کریں گے ان کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے حالات اور ماضی کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ نواب خیر بخش مری کو افغانستان سے واپس لایا گیا تو بلوچستان میں پہلے دن ہی پاکستان کا جھنڈا جلایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ نواب مری نے آزاد بلوچستان کا بیانیہ رکھا، جبکہ نواب اکبر خان بگٹی کی ہلاکت کے بعد شدت پسندی کی نئی لہر اٹھی۔ جسٹس نواز مری پر حملے اور کوہ مردار سے کوئٹہ شہر کو راکٹوں سے نشانہ بنانے کے واقعات آج بھی بلوچوں کو یاد ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ نواب مری کے ساتھ جیل میں مذاکرات ہوئے اور انہیں ضمانت پر رہا کیا گیا۔ ان کے بیٹے بالاج مری کو انگلینڈ سے لاکر 2002 کے انتخابات میں کامیابی دلائی گئی، جہاں انہوں نے وطن سے وفاداری کا حلف اٹھایا۔ تاہم دہشتگردی کے واقعات نے ریاست کو نقصان پہنچایا اور کئی افراد دوبارہ کیمپس میں شامل ہو گئے۔ سرفراز بگٹی نے شہریوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ہر شہری کو آئین کے تحت احتجاج کا حق حاصل ہے، مگر سڑکیں بند کرنا یا ایمبولینس میں مریض کو مرنے دینا ظلم ہے۔ انہوں نے پنجابی فیملی پر حملے اور بلوچستان کے وکلا پر تشدد کو انسانیت سوز قرار دیا اور کہا کہ ایسے اقدامات ریاست اور معاشرے دونوں کے لیے نقصان دہ ہیں۔ انہوں نے بلوچستان میں میڈیا کے کردار پر بھی زور دیا اور کہا کہ یہاں صحافت بہت مشکل ہے، اور پاکستان کا میڈیا مظلوم اور محکوم طبقے کی آواز ہے۔ سرفراز بگٹی نے دس کروڑ روپے سپریم کورٹ بار کے لیے دینے کا اعلان بھی کیا۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ ریاست پر الزامات ختم کرنے کے لیے قانون میں واضح ترامیم کی گئی ہیں اور اب کسی کو شک کی بنیاد پر حراست میں لینے کے بعد لازمی قانونی کارروائی کی جائے گی۔ حراستی افراد کا ہفتہ وار میڈیکل چیک اپ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ دسمبر تک بلوچستان میں ایک بھی اسکول بند نہیں ہوگا۔ تقریب سے سابق صدر سپریم کورٹ بار احسن بھون نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ حکومت بلوچستان کو وکلا کی سیکیورٹی اور ویلفیئر کے منصوبے فوری طور پر شروع کرنے چاہئیں تاکہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہو۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ریاست کے خلاف تشدد کرنے والوں، شدت پسند عناصر اور بی ایل اے کے خلاف سخت موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کے خلاف کسی بھی اقدام کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور ہر شہری کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے افغانستان کے قائمقام قونصل جنرل مولوی محمد حبیب ناصر نے یہاں ملاقات کی جس میں بلوچستان سے افغان مہاجرین کے انخلاء اور باعزت واپسی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے قائمقام قونصل جنرل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غیر ملکیوں کے انخلاء سے متعلق قومی پالیسی پر بلوچستان حکومت مؤثر عمل درآمد کروا رہی ہے اور وطن واپس جانے والے افغان مہاجرین کو صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن معاونت فراہم کی جارہی ہے، جبکہ ضعیف العمر افراد، خواتین اور بچوں کا خصوصی خیال رکھنے سے متعلق پہلے ہی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین (یو این ایچ سی آر) کے حکام سے بھی مسلسل رابطہ رکھا جارہا ہے تاکہ انخلاء کا یہ عمل انسانی ہمدردی اور وقار کے ساتھ آگے بڑھایا جاسکے انہوں نے کہا کہ ہماری روایات احترامِ انسانیت اور باہمی بھائی چارے پر مبنی ہیں، افغان خواتین کو ہم اپنی ماؤں اور بہنوں کی طرح سمجھتے ہیں اور اسی جذبے کے تحت ہم نے اپنی انتظامیہ کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ مہاجرین کے انخلاء کے دوران کسی بھی فرد کو تکلیف یا دشواری نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ مقامی سطح پر انتظامی معاملات کی بروقت نگرانی اور رابطہ کاری کو یقینی بنانے کے لیے ایک سینئر افسر محمد فریدون کو بطور فوکل پرسن تعینات کر دیا گیا ہے تاکہ مہاجرین کو سہولیات کی فراہمی اور واپسی کے عمل میں کوئی رکاوٹ نہ آئے اور اگر کوئی مسئلہ درپیش آتا ہے تو اس کو فوری حل کیا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ افغان مہاجرین کی واپسی ایک تدریجی اور باعزت عمل کے طور پر پایہ تکمیل کو پہنچے گا جس کے دوران صوبائی حکومت انسانی ہمدردی کے تحت ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین کی باعزت واپسی نہ صرف بلوچستان بلکہ دونوں برادر ممالک کے بہترین مفاد میں ہے ملاقات میں رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی اور سول سوسائٹی کے نمائندے علاالدین خلجی بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد اور وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی روبینہ خورشید عالم نے الگ الگ ملاقاتیں کیں جن میں باہمی دلچسپی کے امور اور تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 26 SEP 2025

Page No. 10

# بلوچستان میں قیام امن وترقی کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ وقت کی اہم ضرورت!

بلوچستان میں قیام امن کیلئے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔سیاسی مسائل، لاپتہ افراد کے مسئلے سمیت مستقل امن کے قیام کیلئے ملک کی بڑی جماعتوں سمیت بلوچستان کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک واضح روڈ میپ پر کام کرنا ہوگا،قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ کی طرف جانا ہوگا جس میں تمام سیاسی ، مذہبی جماعتوں،سول سوسائٹی ، وکلاء،صحافی برادری کی شراکت داری کو یقینی بنانا ہوگا۔سب کی رائے لیکر بلوچستان کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کیلئے راستہ نکالا جائے ، دہشتگردی،تخریب کاری کے حق میں کوئی نہیں ،بلوچستان کی خوشحالی مستقل امن کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری نے گزشتہ روز کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی شکایات اپنی جگہ ہیں، دہشتگردی کا مسئلہ سب سے بڑا مسئلہ ہے، ماضی میں بھی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیاب ہوئے ہیں تاہم بلوچستان کا حل سیاسی ہے،سیاسی اتفاق رائے سے ایسے فیصلے لینے پڑیں گے تاکہ عوام کا فائدہ ہو۔ بلاول بھٹو زرداری، ن لیگی قیادت سمیت دیگر سیاسی ، مذہبی جماعتوں،وکلاء برادری،سول سوسائٹی ،صحافی برادری بھی بلوچستان میں قیام امن اور ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی رائے دے چکے ہیں مگر اس کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ کی ضرورت ہے۔جس کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے پہل کرنی چاہئے تاکہ بلوچستان کے اہم ترین مسائل کا حل نکالا جاسکے۔بلوچستان کی محرومیوں اور پسماندگی کا خاتمہ ضروری ہے جس کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت ہے، سیاسی مسائل کا حل انتہائی ضروری ہے امید ہے کہ بلوچستان میں امن اور خوشحالی کیلئے صوبائی اور وفاقی حکومت سنجیدہ کوششیں کریں گی تاکہ بلوچستان کے مسائل حل ہوں اور عوام خوشحال ہوں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 26 SEP 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN


مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

No. Dated: 26 SEP 2025 Page No.



کوئٹہ، صوبائی وزیر آبپاشی صادق عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ اپنے دفتر میں علاقے سے آئے عوام کے مسائل سن رہے ہیں